Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۱ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ جمادی الثانی ۱۳۴۴ھ مطابق ۲۱ دسمبر ۱۹۲۵ء | جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	استحقاق تقرر خان بہادر چودھری خوشی محمد خان صاحب مہتمم افسر نو آبادی	۱ و ۲
۲	اضافہ مشاہرہ سکریٹری صاحب بہادر تعمیرات	۲
۳	بابت عطائے لکڑی	۲
۴	ممانعت حصول رقوم از خارج ریاست	۲ و ۳
۵	انتظام دربارۂ [illegible] شاہ منصور خاں	۳
۶	بابت انتظام مدارس شہر	۳
۷	بابت سید [illegible] حسین [illegible]	۳
۸	اضافہ تنخواہ [illegible] خانہ	۴
۹	تصحیح گزٹ نمبر ۵۰	۴
۱۰	نقشہ حیات و ممات و رخصت اجلاس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۰ دسمبر ۱۹۲۵ء

علاقہ غیر آبادی کے لئے جدید سکیم مرتب ہو گئی ہے جسمیں طریقہ آبادی اور حقوق کاشتکاری تفصیلی طور پر درج ہیں۔ اب عملی کارروائی شروع کرنے کے لئے خان بہادر چودھری خوشی محمد خان تجویز ہوئے ہیں۔ انکے عہدہ کا نام افسر نو آبادی ہوگا۔

۲- علاقہ قدیم کا بندوبست شروع ہونے سے قبل کاغذات دیہی اور ریکارڈ کی تصحیح اور ترتیب لازمی ہے۔ یہ کام بھی چودھری خوشی محمد خان کے سپرد کیا جاتا ہے

۳- بحیثیت افسر نوآبادی اور ریکارڈ افسر خان بہادر چودھری خوشی محمد خان بالاتحتی صاحب ریونیو سکریٹری بہادر خدمات انجام دینگے -

یہ دونوں کام عارضی ہیں اور تقرر امتحاناً ہے - مراعات حسب ذیل منظور کیجاتے ہیں -

۱- یکم دسمبر ۱۹۲۵ء سے پانچ سو روپیہ تنخواہ ماہوار
۲- مکان مع معمولی فرنیچر روشنی کے مصارف سرکار سے ملینگے -
۳- بھتہ بحالت دورہ حسب قواعد ریاست -
۴- ایک فورڈ موٹر بحالت قیام ہیڈ کوارٹرز اور دورہ اُنکے پاس رہیگا - مصارف موٹر صیغہ مال سے مجرا ہونگے -
۵- عملہ حسب تجویز صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منظور کیا جائیگا -

حکم ہوا کہ

روبکار ہٰذا صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو کر سرشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

برائے اجرائے احکام منشاء حکم اجلاس ہمایوں صدر کو مرسل ہو -
۱۴ر دسمبر ۱۹۲۵ء -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۴ر دسمبر ۱۹۲۵ء

بصلہ حسن خدمات بدولت و اقبال منظور فرماتے ہیں کہ خان بہادر سید جمیل احمد صاحب سکریٹری تعمیرات و صنعت و حرفت کی موجودہ تنخواہ میں ۳ر دسمبر ۱۹۲۵ء سے دو سو روپیہ ماہوار اضافہ کئے جائیں -

حکم ہوا کہ

سرشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - فقط

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۸ر دسمبر ۱۹۲۵ء

نقول دینے جانیکی بابتہ جو قواعد ذریعہ روبکار صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مجریہ ۱۹ر ستمبر ۱۹۱۹ء مطبوعہ گزٹ ۸ر اکتوبر ۱۹۱۹ء میں جاری ہوئے ہیں اُنکے موافق اجلاس ہٰذا سے یہ احکام برائے تعمیل جاری کئے گئے تھے لیکن بہنگام دورہ ملاحظہ ہوا کہ اُنکی تعمیل پابندی سے نہیں کیجاتی - لہذا اب یہ حکم دیا جاتا ہے کہ باتباع روبکار مذکورہ جس روز نقل تیار ہو جائے اگر سائل حاضر ہو تو اُسی روز نقل اُسکو دیدیجائے - اگر گیرندہ نقل حاضر نہو تو اُسی روز نوٹس میعادی مندرجہ روبکار چسپان کیجائے اور کارروائی کیجائے - خواہ درخواست نقل ضروری ہو یا معمولی فارم نقل مطبوعہ کارخانہ (تعین مدت ادخال اسٹامپ جدید تاریخ) میں سائل کے دستخط یا نشان انگوٹھہ نہیں لیا جاتا ہے جس سے معلوم ہو کہ اُسکو مدت معین شدہ داخل کرنے اسٹامپ کی اطلاع ہو گئی ہے آیندہ سے خانہ تعین مدت ادخال اسٹامپ میں سائل کے دستخط یا نشان انگوٹھہ لے لیا جایا کرے -

ڈاک بہی میں جو خانہ تاریخ روانگی مثل درج ہے اس خانہ میں دو جیب حسب تفصیل ذیل کردی جائیں - ایک مد کے تحت میں تاریخ آمد مثل اور دوسری مد کے نیچے تاریخ روانگی مثل لکھی جایا کرے تاکہ معلوم ہو کہ مثل کب نقل نویس کے پاس آئی اور کب واپس گئی -

تاریخ	
آمد مثل	واپسی مثل

حکم ہوا کہ

بصراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں اور تحصیلداران کو لکھا جائے کہ اسی صراحت سے آیندہ تعمیل ہوتی رہے - جن تحصیلات کا ہنوز ابھی دورہ نہیں کیا ہے وہاں پر بہنگام دورہ ملاحظہ کرینگے - کہ اُن تحصیلات میں اس حکم کی کیا تعمیل کی گئی - ایک نقل روبکار ہٰذا کی بیک اجلاس میں چسپان ہو - ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۸ر دسمبر ۱۹۲۵ء

خاص باغ پارک میں چھوڑنے کے لئے جانوران ہرن پاڑہ وغیرہ زندہ گرفتار کرنے کے لئے جملہ تحصیلداران کے نام ۱۹۱۹ء میں احکام جاری کئے گئے تھے اُس تعمیل میں تحصیل شاہ آباد میں یہ کارروائی ہوئی کہ سید علی مظہر تحصیلدار سابق شاہ آباد نے تحویلدار کو ذریعہ حکم تحریری لکھا کہ مبلغ ۲ روپیہ امانت سے برائے مصارف دیدو سرکار سے رقم مجرا ملیگی تو رقم پوری کردی جائیگی - ۲۱ر اگست ۱۹۱۹ء کو

تحصیلدار سابق نے رپورٹ بھیجی تو شمین پہ لکھا کہ خوراک جانوران پکڑنے
والونکو چنے اپنے جیب سے دی ہے - اور مجرائی رقم کی استدعا شمین کی اس بنا پر
خارج سیاہہ کی رقم عدیم الوصول رہگئی تحصیلدار صاحب حال نے اس رقم کے
دیے جانیکی بابت رپورٹ کی - اور بہت تلاش کے بعد مثل دستیاب
ہوئی جسکے وصول کی بابت جداگانہ حکم مناسب دیا گیا ہے لیکن اس سلسلہ میں
اس انتظام کی ضرورت ہے کہ کوئی تحصیلدار رقم امانت یعنی خارج سیاہہ سے
رقم لینے کا مجاز نہیں ہے - آیندہ کوئی تحصیلدار خارج سیاہہ سے کوئی رقم نہ لے
اور جملہ تحویلداران تحصیل کو بھی اطلاع دیجائے کہ کوئی تحویلدار کسی تحصیلدار کو
خارج سیاہہ کی رقم کسی صرف کے لیے نہ دے - اگر کوئی تحویلدار آیندہ
خارج سیاہہ سے رقم دیگا تو سمجھا جائیگا کہ تحویلدار نے اپنی جیب سے رقم دی
اور ایسی حالت میں تحویلدار سے وہ رقم وصول کیجائیگی اور جو تحصیلدار آیندہ
خارج سیاہہ سے رقم لیگا تو اوس سے بھی علاوہ تحویلدار کے بازپرس ہوگی
اگر کوئی تحویلدار تبدیل ہو تو دوسرے تحویلدار کو تحصیلداران اس حکم سے اطلاع
دیا کریں - ورنہ تحصیلداران ذمہ دار ہونگے سائر خرچ کی جو رقم تحصیلات میں
رہتی ہے یا مرمت مساجد وغیرہ کیواسطے جو رقم تحصیلداران کے پاس بھیجی
جاتی ہے یا کسی شی کی خرید وغیرہ کیواسطے کوئی رقم کسی محکمہ سے تحصیلداران کو
بھیجی جاتی ہے جو خارج سیاہہ میں جمع ہو جاتی ہیں ایسی جملہ رقوم جنکے خرچ
کرنیکا تحصیلدار مجاز ہیں وہ اس حکم سے مستثنے رہیں گی اسلئے کہ وہ تحصیلدار
کے حکم سے صرف ہونگی - لہذا

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام بنام جملہ تحصیلداران جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو
ایک نقل فائل ہٰک میں چسپان ہو -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۴ دسمبر ۱۹۲۵ء

ملاحظہ رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر معہ حاکم صاحب صدر
دربارہ انتظام اسامی جگم بھگوتی پرشاد متوفی محرر محافظخانہ
صدر تنخواہ دار ۔ جنکے ۹ دسمبر ۱۹۲۵ء کی شام کو انتقال ہوا

حکم

حاکم صاحب صدر و سررشتہ دار صاحب صدر کی انتظامی رپورٹ مرقومہ
۱۰ دسمبر ملاحظہ ہوئی -
(۱) بجائے نثار علی عوض مسعود حسین رخصتی کے بختیار الدین کا تقرر ۱۵
دسمبر ۱۹۲۵ء سے دوسرے کا خدمات پر ہو چکا ہے - جس تاریخ تک
دوسرے اپرنٹس سے کام لیا گیا ہے - یعنی ۱۴ دسمبر ۱۹۲۵ء تک انکو
تنخواہ دلائی جائے - ۱۵ دسمبر ۱۹۲۵ء سے بختیار الدین تنخواہ پائیگا -
۲ - بسلسلہ انتظام اسامی محافظخانہ صدر بوجہ فوتی بھگوتی پرشاد مشاہرہ
دس حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر و سررشتہ دار صاحب صدر
حسب صراحت ذیل منظوری دیجاتی ہے -
نمبر ۱ - صاحبزادہ سید منظور حسین جو مستقل ملازم محافظخانہ صدر مشاہرہ دار للعہ
باضافہ ایک روپیہ عہ پر منتقل کیا جائے -
نمبر ۲ - شیدا علی خان روزنامچہ نویس محافظخانہ صدر مشاہرہ دار عہ کو
ایک روپیہ ماہانہ اضافہ دیا جائے -
نمبر ۳ - محمد عثمان خان معاون منصرم ملازمان مشاہرہ دار عہ کو ایک روپیہ
ماہانہ اضافہ دیا جائے -
نمبر ۴ - شرافت علی خان محرر تقدیب محافظخانہ مشاہرہ دار للعہ کو ۸ ر ماہانہ اضافہ
دیا جائے -
نمبر ۵ - منصور علی خان سپاہی خواندہ متعینہ تقسیم ڈاک صدر مشاہرہ دار عہ کو
۸ ر ماہانہ اضافہ دیا جائے -
نمبر ۶ - مرزا منظور حسین سپاہی خزانہ معاون محرر متفرقات تحصیل حضور مشاہرہ دار
عہ کو ایک روپیہ ماہانہ اضافہ دیکر مددگار محرر متفرقات کیا جائے -
برادر سپاہیان سے نام خارج ہو کر برادر اہل قلم میں نام درج کیا جائے
نمبر ۷ - یہ کل پانچ روپیہ تقسیم ہو جانے کے بعد عہ ماہوار بچے ہوالہدی محافظخانہ
صدر پر مشاہرہ عہ سے رام چرن پسر بھگوتی پرشاد متوفی کا تقرر
منظور ہے لیکن چونکہ رام چرن انٹرنس میں تعلیم پا رہا ہے اور وہ اپنا
عوض بیج بہادر اپرنٹس کو تا انفراغ از امتحان مقرر کرانا چاہتا ہے
لہذا تا انفراغ از امتحان رام چرن بیج بہادر کا عوض بمشاہرہ عہ
کیا جانا منظور ہے - بعد فراغ از امتحان رام چرن کی واپسی پر عوض علیحدہ
ہو جائیگا - برائے اجرائے احکام ضابطہ صدر کو مرسل ہو -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۲ر دسمبر ۱۹۲۵ء

قواعد انتظام مدارس کے قاعدہ ۲۹ میں مدارس کے لئے ٹائم ٹیبل مرتب کرنیکا حکم دیا گیا ہے۔ مگر ان قواعد کے نفاذ کو ایک عرصہ ہوگیا ٹائم ٹیبل ابتک منظوری کے لئے اجلاس ہٰذا میں نہیں آیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مثل سابق اب بھی تعلیم بے قاعدہ ہو رہی ہے۔ اور انسپکٹر صاحبان قواعد کی پابندی کی طرف توجہ نہیں کرتے۔

(۲) اسوقت تک اسکی بھی رپورٹ نہیں آئی کہ جدید کورس مدارس شہر میں جاری ہوگیا یا نہیں۔ اور مدارس میں درجہ بندی ہوگئی حالانکہ اس قسم کی مفصل رپورٹ اجلاس ہٰذا میں آنا ضروری تھا۔

۳۔ مدارس شہر کے فرنیچر کے لئے ایک رقم اسکیم میں رکھی گئی ہے جسکا اجراء احکام ہوچکا ہے لیکن ابتک کوئی رپورٹ درستی فرنیچر کے لئے انسپکٹر کیجانب سے نہیں آئی۔

۴۔ بعض مدارس شہر ابتر حالت میں ہیں مثلاً مدرسہ گھیر قلندر خان بس جگہ ہے وہاں کچھ فراہمی اطفال نہیں ہے ایسی صورت میں ضروری تھا کہ اسکو کسی بہتر مکان اور محلہ میں ہٹایا جاتا۔ مگر انسپکٹر صاحبان نے اسکی طرف بھی ابتک توجہ نہیں کی۔ جدید انتظام مدارس اسلئے کیا گیا ہے کہ مدارس سابقہ حالت سے بہتر حالت میں چلیں اور رعایا کو مدارس سے نفع پہنچے لیکن یہ جبتک نہیں ہوسکتا کہ انسپکٹر صاحبان بھی اس مقصد کو پیش نظر رکھکر قواعد پر غور کرکے مدرسوں کی درستی کی طرف توجہ کریں۔ اگر سابقہ روش پر مدارس کی نگرانی کیگئی تو کچھ بھی درستی نہیں ہوسکتی۔ انسپکٹر صاحب و ڈپٹی انسپکٹر صاحب جلد ان کل امور کی بابت مفصل رپورٹ پیش کریں۔

حکم ہے کہ

روبکار ہٰذا برائے تعمیل انسپکٹر صاحب مدارس کے پاس مرسل ہو۔ اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۷ر دسمبر ۱۹۲۵ء

سید عابد حسین وکیل کی شکایت صاحب مہتمم بندوبست و اسسٹنٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر نے کی تھی کہ انکے اجلاس میں کوئی درخواست معرفت وکیل مذکور پیش ہوئی تھی جسپر اُسنے کچھ گڑبڑ کی ہے۔ عرصہ تک اسکے جواب لینے کا انتظار کیاگیا لیکن معلوم ہوا کہ وہ حاضر نہیں ہوا اور نہ وہ یہاں موجود ہے۔ لہٰذا تا حکم ثانی سید عابد حسین وکیل کو صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری بہادر و صاحب مہتمم بندوبست کے اجلاس میں پیروی مقدمات کے لئے بند کیا جاتا ہے۔ لہٰذا

حکم ہے کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۳ر دسمبر ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر کنٹرولر صاحب کارخانہ جات ذات خاص دربارہ اضافہ محمد یونس خان تحویلدار تکیہ خانہ بوجہ وقفیت و اہمیت کار متعلقہ

حکم

اضافہ دو روپیہ محمد یونس خان تحویلدار تکیہ خانہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

تصحیح

گزٹ نمبر ۵۔ مطبوعہ ۱۰ر دسمبر ۱۹۲۵ء کے صفحہ اول کالم ۲ سطر ۱ میں بجائے رخصت کے (اضافہ) اور فہرست کی اول سطر میں بجائے منظر کے ملاحظہ صحیح ہے

سرکاری پریس ریاست میں چھپکر شائع ہوا۔

[illegible]

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور - ماہواری - ماہ نومبر ۱۹۲۵ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہنود	عورت: مسلمان	عورت: ہنود	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	۱۲ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل امراض: ہیضہ	طاعون	چیچک	بخار	[illegible]	[illegible]	امراض دیگر	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
[illegible]	۳۰	۸	۰۲	۶	۴۴	۳۳	۸	۹	۰	۲	۱	۱۰	۱۵	۱۸	۲۳	۳۴	۸	۰	۱	۰	۴۱	۰	۰	۰	۴۳	
گنج	۲۱	۳	۵۳		۳۸	۳۵	۲	۱۲	۳	۱	۰	۱۳	۱۳	۲۶	۱۸	۴۰	۴	۰	۱	۰	۴۳	۰	۰	۰	۴۴	
[illegible]	۱۲	۸	۸	۹	۲۰۶	۱۹	۱۸	۴	[illegible]	۱	۰	۶	۳	۱۱	۱۰	۱۱	۱۰	۰	۰	۲۱	۰	۰	۰	۰	۲۱	
[illegible]	۳۵		۳۱	۱۹	۱۱۱	۹۰	۲۳	۱۰	۱۴	۴	۲	۱۳	۱۲	۳۴	۲۸	۳۶	۱۲	۰	۰	۰	۶۲	۰	۰	۰	۶۲	
شاہ آباد	۱۳	[illegible]	۱۰	۳۶	۶۹	۱۳	۲۶	۱۵	۱۱	۴	۲	۲۲	۱۳	۴۱	۳۰	۵۱	۵۰	۰	۰	۰	۴۱	۰	۰	۰	۴۱	
[illegible]	۱۴		۳	۳۶	۱۰۳	۳۰	۸۶	۴	۸	۰	۰	۹	۶	۱۳	۱۴	۳	۲۳	۰	۰	۰	۲۷	۰	۰	۰	۲۷	
[illegible]	۱۰		۲	۴۰	۱۰۱۲	۳۲	۱۴۰	۲۱	۱۹	۴	۳	۲۸	۲۲	۵۳	۴۳	۸۸	۴۹	۰	۹	۰	۸۸	۰	۰	۰	۹۶	
[illegible]	۱۰	۲۰	۲۸	۱۱	۴۰	۲۹	۳۱	۶	۱۱	۳	۲	۸	۱۰	۱۸	۲۳	۲۰	۲۱	۰	۰	۴۱	۰	۰	۰	۰	۴۱	
[illegible]	۱۲	۲۲		۱۹	۶۱	۲۰	۴۱	۱۱	۴	۰	۰	۸	۵	۱۹	۱۰	۱۵	۱۴	۰	۰	۰	۲۸	۱	۰	۰	۲۹	
سوار	۱۹	۲۰	۱۳	۱۶	۹۵	۲۹	۳۶	۱۸	۱۲	۴	۳	۵	۶	۳۰	۲۲	۳۹	۱۳	۰	۰	۰	۵۲	۰	۰	۰	۵۲	
ٹانڈہ	۲۰	۰۷	۲۰	۱۹	۶۳	۴۱	۳۲	۳۰	۲۴	۱	۱	۲۱	۱۱	۵۲	۳۹	۹۴	۲۶	۰	۳۳	۰	۵۸	۰	۰	۰	۹۱	
میزان	۱۵۰	۲۱۶	۱۸۰	۲۲۲	۵۵۵	۳۲۳	۵۱۳	۱۸۵	۱۲۱	۲۶	۱۵	۱۶۴	۱۱۹	۳۱۵	۲۴۳	۳۱۱	۲۲۲	۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱	۰	۰	۵۲۶	

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ۲۴ لغایت ۳۰ نومبر سنہ ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰۴ ار	۹ ار	۵ ار	۹ ار	۹ ار	۱۰۵ ار	
نخود خالص	۱۰۷ ار	۱۰۶ ار	۸ ار	۹ ار	۱۰۶ ار	۱۰۶ ار	
نخود گستہ آمیز	۸ ار	۸ ار	۹ ار	۹ ار	۰	۸ ار	
گستہ	۸ ار	۹ ار	۹ ار	۸ ار	۰	۹ ار	
ماش	۱۰۵ ار	۱۰۵ ار	۶ ار	۶ ار	۱۰۵ ار	۱۰۵ ار	
مونگ	۵ ار	۵ ار	۱۰۵ ار	۱۰۵ ار	۰	۱۰۵ ار	
مکا	۱۰۶ ار	۸ ار	۱۰۶ ار	۹ ار	۰	۱۰۷ ار	
جئی	۸ ار	۰	۰	۸ ار	۰	۹ ار	
گوجئی	۱۰۷ ار	۰	۰	۱۰۸ ار	۰	۸ ار	
مسور	۶ ار	۰	۰	۱۰۶ ار	۰	۶ ار	
ارہر	۱۰۳ ار	۶ ار	۰	۰	۰	۱۰ ار	
برنج	۱۰۴ ار	۴ ار ۴ ار	۱۰۳ ار	۱۰۵ ار	۰	۵ ار	
روغن زرد	۔/۱۱۱ ار	۲ چھٹانک	۔/۱۱۱ ار	۔/۱۱۱ ار	۔/۱۱۱ ار	۔/۱۱۱ ار	
روغن سیاہ	۲/۱ ار	۲/۱ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۱۰۱ ار	
روغن کنجد	۱/۱ ار	۱ ار	۱ ار	۲/۱ ار	۱ ار	۱ ار	
نمک لاہوری	۶ ار	۱۰ ار	۶ ار	۵ ار	۰	۸ ار	
قند سیاہ	۵ ار		۵ ار	۵ ار	۶ ار	۶ ار	
نمک سانبھر	۱۲ ار	۱۰ ار	۱۲ ار	۱۰ ار	۱۱ ار	۱۲ ار	
باجرہ	۱۰۵ ار	۶ ار	۱۰۵ ار	۷ ار	۰	۶ ار	